SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرIII مجریہ ۲۰۱۴

SINDH ACT NO.III OF 2014

جائیداد کے نماؤ کو بگاڑنے سے بچاؤ کا ایکٹ، مجریہ ۲۰۱۴

THE PREVENTION OF DEFACEMENT OF PROPERTY, ACT, 2014

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور نافذ ہونا
2. وصفیں
3. ملکیت کا نماؤ بگاڑنے پر بندش
4. ملکیت کا نماؤ بگاڑنے کے خلاف ٹاسک فورس
5. ملکیت کی بگڑی صورت کو میسارنا
6. قواعد جوڑنے کا اختیار

سندھ ایکٹ نمبرIII مجریہ ۲۰۱۴

SINDH ACT NO.III OF 2014

جائیداد کے نماؤ کو بگاڑنے سے بچاؤ کا ایکٹ، مجریہ ۲۰۱۴

THE PREVENTION OF DEFACEMENT OF PROPERTY, ACT, 2014

[۵مارچ۲۰۱۵]

ملکیت کی بگڑی صورت کے بچاؤ اور دیواروں پر لکھنے پر پابندی والا ایکٹ

تمہید (Preamble)

جیسا کہ یہ ضروری ہے کہ سندھ صوبے میں جائیداد یا ملکیت کی ظاہری صورت کو بچایا جائے اور دیواروں پر لکھنے پر پابندی عائد کی جائے اس لئے اس ایکٹ کو اس طریقے سے بنایا جائے گا۔

مندرجہ ذیل طریقے سے یہ ایکٹ لاگو ہو گا۔

مختصر عنوان اور نافذ ہونا

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو جائیداد کی ظاہری صورت اور دیواروں پر لکھنے پر پابندی والا ایکٹ (The Prevention of defacement of property act, 2013) کہا جائے گا۔

(۲) یہ ایکٹ پورے سندھ پر لاگو ہو گا۔

(۳) یہ ایکٹ ایکدم سے لاگو ہو گا۔

وصف

۲۔ (۱) اس ایکٹ میں سوائے اس بات کہ اس میں مضمون کے حوالے کوئی منحرف بات نہ ہو، کچھ لفظوں کی تعریف مندرجہ ذیل طریقے سے کی جائے گی۔

(الف) مواد لگانا (Affixing Material) کا مطلب ہے کے کوئی پوسٹر (Poster) بل (Bill) نوٹس (Notice) پلے کارڈ (Play Card) یا کوئی دوسرا مواد کسی دوسری پر مالک کی پیشگی منظوری کے بغیر ہو۔

(ب) ظاہری صورت کو بگاڑنا (Defacement or Deface) کا مطلب ہے کہ مالک کی منظوری کے بغیر کسی خوب صورت جگہ یا ملکیت کو نقصان پہنچانا یا حلیہ بگاڑنا یا خراب کرنا یا کسی دوسرے طریقے سے ظاہری نماؤ کو بگاڑنا مثلاً:

(i) ملکیت (جگہ یا دیوار) پر تحریر کے ذریعے۔

(ii) شائع کیا مواد ملکیت (جگہ یا دیوار وغیرہ) پر لگانا

(iii) کوئی ایسا عمل جس کے نتیجے میں ملکیت (جگہ یا دیوار) کی ظاہری صورت میں بگاڑ آجانا۔

(ت) گورنمنٹ (Government) کے معنے ہیں سندھ سرکار۔

(ث) ملکیت (Property) کا مطلب ہے کوئی بھی زیر تعمیر جگہ، Fence) Post، کھمبا(Pole)، (Erection)، (Surface)۔

(ج) تحریر (Writing) کا مطلب ہے کوئی بھی تحریر یا مصوری کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار یا کوئی دوسرا مواد چاک، برش، کے ذریعے جائیداد (جگہ یا دیوار) پر لکھا جائے۔

ملکیت کا نماؤ بگاڑنے پر بندش

۳۔(۱) کوئی بھی فرد عوام کی توجہ اپنی طرف مبذول کرانے کے لئے کسی بھی طریقے سے ملکیت (جگہ یا دیوار وغیرہ) کی ظاہری صورت کو بگاڑ نہیں سکتا۔

(۲) اس ایکٹ کی کسی بھی گنجائش (Provision) کی خلاف ورزی کرتے دیکھا گیا تو ان کو جیل بھیجنے کی سزا دی جائے گی، جس کی مدت ۶ مہینے تک بڑھائی جاسکتی ہے اور جرمانے کے ساتھ سزا دی جاسکتی ہے، جرمانے کی رقم ۵۰۰۰ تک ہوگی یا جرمانہ اور سزا دونوں دی جاسکتی ہیں اور اگر جرم دوبارہ کیا گیا تو اس پر یومیہ ایک ہزار کا جرمانہ عائد کیا جائے گا اور وہ جرمانہ پہلے جرم کرنے والی تاریخ سے شروع ہوگا۔

Exception: اس دفعہ (Section) کے تحت اس جرم (Offence) نہیں کہا جائے گا اگر ملکیت کا مالک یا نگہبان اسی کام میں کسی طریقے سے تعلق رکھتا ہو۔

ملکیت ما نماؤ بگاڑنے کے خلاف مسلح جتھا

۴۔(۱) اس ایکٹ کے لاگو ہونے کے بعد ۱۵ دن کے اندر سرکار ملکیت کی ظاہری صورت کو بگاڑنے سے بچانے کے لئے ایک فورس The Anti-Property) Defacement Task Force) بنائے گی جو ظاہری صورت بگاڑنے کے دائرے کا اندازہ لگائے گی اور ایسے طریقے تجویز کرے گی تاکہ اس ایکٹ کو مناسب طریقے سے لاگو کیا جاسکے، ان کوششوں کا سروے (Survey) اور ایسے پروگرام پر غور کیا جائے گا جو دوسروں کے دائرہ اختیار میں ہونگے اور ظاہری صورت بگاڑنے

کے خلاف کام میں مصروف ہونگے اور ملکیت کی ظاہری صورت بگاڑنے کے خلاف ایک جامعہ پروگرام تجویز کرے گا۔

(۲)یہ فورس (The Anti-Property Defacement Task force) چیئرپرسن (Chairperson)سمیت چھ ممبرز پر مشتمل ہو گا۔

(۳)فورس کا چیئرپرسن اور ممبر تجربیکار ہونگے اور ان کو سرکار ان شعبوں میں مقرر کرے گی۔

(الف) قانون(Law)

(ب) سماجی یاثقافتی پراجیکٹس میں مصروف عمل سوسائٹی کی تنظیم

(ت) تعلیم

(ث)الیکٹرانک یاپرنٹ میڈیا (Electronic or Print Media)

(ج)کاروباری برادری (Business Community)

(د)انجنیئرنگ (Engineering)یاآرکیٹیکچر

ملکیت کی بگڑی صورت کو میسارنا

۵۔اس ایکٹ کو لاگو ہونے کے ۳۰ دن کی مدت کے اندر ہر کائونسلاپنی حدود کے اندر ملکیت کی ظاہری صورت کے وہ سب نشان ختم کر دینگی جن کے لئے اس ایکٹ میں منع کیا گیاہے اور اس کام کا خرچ ان افراد سے لیا جائے گا جو اس کے ذمہ دار ہونگے۔

قواعد جوڑنے کا اختیار

۶۔اس ایکٹ کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے سرکار قواعد (Rules)جوڑ سکتی ہے۔

نوٹ:-ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔